بنیادی خواندگی

جانچ مد98

نیچے دی گئی کہانی پڑھیے۔ جو لفظ ایک سے زیادہ بار آیا ہے۔ اسے پہچان کر لکھیے۔ 1x5=5

راجو کو پڑھنا اچھا لگتا تھا۔ کیا پڑھنا؟ کہانی پڑھنا، اخبار پڑھنا، پیکٹ پر لکھی اطلاعات پڑھنا، دیواروں پر لگے اشتہار پڑھنا، اپنے بچوں کی کتابیں پڑھنا، سب کچھ پڑھنا اچھا لگتا تھا۔

ایک دن راجو بجلی کا بل ہاتھ میں لے کر اسے پڑھ رہی تھی۔ بولی، اس بار تو بل بہت زیادہ آیا ہے۔ بچوں کو بتانا پڑے گا کہ بجلی ضائع نہ کریں۔ بار بار پنکھا چلتا چھوڑ دیتے ہیں۔

1. راجو کو کیا پڑھنا اچھا لگتا ہے؟ ---------------------------
2. راجو ہاتھ میں لے کر کیا پڑھ رہی تھی؟ ---------------------------
3. اس بار بل کیوں زیادہ آیا؟ ---------------------------
4. بچے کیا ضائع کرتے ہیں؟ ---------------------------
5. بچے بار بار کیا چلتا چھوڑ دیتے ہیں؟ ---------------------------

ہم نے کیا سیکھا:۔ روزمرہ کے مشمولات کو مختلف سیاق میں استعمال کرتے ہوئے پڑھنا اور لکھنا۔ متن میں بار بار آنے والے الفاظ کو پہچاننا۔ کسی کی مدد سے اور آزادانہ طور پر درسی کتاب پڑھنا۔